روزنامہ
ٹیلی فون نمبر:213029
C.P.L 29
الفضل
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web:http://www.alfazal.com
Email:editor@alfazal.com
جمعرات 28 اپریل 2005ء 18 ربیع الاول 1426 ہجری 28 شہادت 1384 ہش جلد 55-90 نمبر 92

دنیا بھی اک سرا ہے

حضرت جابرؓ بیان کرتے ہیں۔ کہ آنحضرت ﷺ نے اپنی وفات سے قریباً ایک ماہ قبل فرمایا کہ کوئی بھی ذی روح جو آج سانس لے رہا ہے سو سال بعد وہ زندہ نہیں ہوگا۔ اس پر موت آجائے گی۔

(صحیح مسلم۔ کتاب فضائل الصحابہ باب لایاتی مأةسنه حدیث نمبر:4607)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

موت آنے والی ہے اس سے کسی کو چارہ نہیں۔ یقیناً سمجھو کہ اس پیالہ کے پینے سے کوئی نہیں بچ سکتا۔ خدا تعالیٰ کے تمام برگزیدہ بندوں اور انبیاء ورسل کو بھی اس راہ سے گزرنا پڑا تو اور کون ہے جو بچ جاوے۔ حکیم اور فلاسفر جو سخت دل ہوتے ہیں ان کو بھی یہ بات سوجھ گئی ہے اور انہوں نے اعتراف کیا بلکہ موت کو ضروری سمجھا ہے۔ انہوں نے دیکھا کہ زمین تو ربع مسکون ہے اور اس میں بہت ہی تھوڑا حصہ آباد ہے۔ اگر وہ تمام لوگ جو ابتدائے آفرینش سے پیدا ہوئے ابتک زندہ رہتے تو ان کے رہنے کو کوئی جگہ اور مقام نہ ملتا۔ یہاں تک کہ وہ کھڑے بھی نہ ہو سکتے۔ پس اس قدر کثرت خود چاہتی ہے کہ موت ہو تا کہ پہلے چلے جاویں تو دوسروں کے لئے جگہ ہو موت کو یہ ہرگز نہیں سمجھنا چاہیئے کہ مرکر انسان بالکل گم ہو جاتا ہے نہیں بلکہ اس کی مثال ایسی ہے جیسے ایک کوٹھڑی سے نکل کر انسان دوسری کوٹھڑی میں چلا جاتا ہے۔ اس کی حقیقت کسی قدر خواب سے سمجھ میں آسکتی ہے کیونکہ خواب بھی گویا ہمشیرۂ موت ہے۔ خواب میں بھی ایک قسم کا قبض روح ہی ہوتا ہے۔ دوسروں کے خیال میں جو سونے والے کے پاس بیٹھے ہیں وہ بالکل بےخبری اور محویت کے عالم میں ہیں۔ لیکن خواب دیکھنے والا معاً دوسرے عالم میں ہوتا ہے۔ اور وہ سیاحت کر رہا ہوتا ہے۔ اب بظاہر اس کے حواس اور قویٰ سب معطل ہوتے ہیں۔ لیکن سونے والا اور خواب دیکھنے والا خوب جانتا ہے کہ اس کے حواس اور قویٰ سب کام میں لگے ہوئے ہیں۔ اسی طرح پر مرنے والا موت کے بعد اپنے آپ کو معاً دوسرے عالم میں دیکھتا ہے۔

(ملفوظات جلد چہارم ص 393)

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے بھائی

محترم صاحبزادہ مرزا ادریس احمد صاحب وفات پا گئے

احباب جماعت کو نہایت افسوس کے ساتھ یہ اطلاع دی جاتی ہے کہ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے بڑے بھائی، حضرت صاحبزادہ مرزا منصور احمد صاحب وحضرت صاحبزادی ناصرہ بیگم صاحبہ کے فرزند ارجمند محترم صاحبزادہ مرزا ادریس احمد صاحب مورخہ 27۔اپریل 2005ء بروز بدھ صبح 8:00 بجے الشفا انٹرنیشنل اسلام آباد میں وفات پا گئے۔ آپ کی عمر 68 سال تھی۔ الشفا انٹرنیشنل اسلام آباد میں آپریشن کے ذریعے آپ کا ایک پھیپھڑا نکال دیا گیا تھا تاہم بعد میں نمونیہ کا اٹیک ہو گیا جس سے طبیعت زیادہ ناساز ہو گئی۔

آپ خدا تعالیٰ کے فضل سے موصی تھے۔ آپ نے 1963ء میں 26 سال کی عمر میں وصیت کی توفیق پائی۔ سالہا سال تک پاکستان چپ بورڈ فیکٹری جہلم میں خدمات انجام دیتے رہے۔

آپ کے دو بھائی اور دو بہنیں ہیں جن کی تفصیل درج ذیل ہے۔

1۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بہن بھائیوں میں سب سے چھوٹے ہیں۔

2۔ محترم ڈاکٹر صاحبزادہ مرزا مغفور احمد صاحب امریکہ

3۔ محترمہ صاحبزادی امۃ الرؤف بیگم صاحبہ اہلیہ محترم میر مسعود احمد صاحب مرحوم

4۔ محترمہ صاحبزادی امۃ القدوس بیگم صاحبہ صدر لجنہ اماء اللہ پاکستان اہلیہ محترم صاحبزادہ مرزا غلام احمد صاحب ناظر دیوان وصدر مجلس انصاراللہ پاکستان

دیگر پسماندگان میں آپ کی اہلیہ محترمہ صاحبزادی فرزانہ عتیقہ صاحبہ بنت حضرت صاحبزادہ مرزا عزیز احمد صاحب وہمشیرہ محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ وامیر مقامی، دو بیٹے مکرم مرزا نصر احمد صاحب لاہور کینٹ، مکرم مرزا فاتح احمد صاحب امریکہ اور ایک بیٹی مکرمہ ثمین احمد صاحبہ اہلیہ مکرم صاحبزادہ مرزا فضل احمد صاحب وکیل المال ثانی تحریک جدید ہیں۔

ادارہ الفضل اس موقع پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز، مرحوم کی والدہ ماجدہ، بہن بھائیوں اہلیہ، بچگان اور دیگر پسماندگان سے دلی افسوس کا اظہار کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کو کروٹ کروٹ جنت نصیب فرمائے۔ اور جملہ پسماندگان کو صبر جمیل بخشے اور حامی وناصر ہو۔ آمین

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے خطابات کینیا سے براہ راست

مورخہ 28۔اپریل 2005ء بروز جمعرات پاکستانی وقت کے مطابق دوپہر 30-12 بجے جلسہ سالانہ کینیا کے موقع پر سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا افتتاحی خطاب ایم ٹی اے پر براہ راست نشر ہوگا۔ اسی طرح 29۔اپریل بروز جمعۃ المبارک پاکستانی وقت کے مطابق 2:30 بجے دوپہر سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خطبہ جمعہ نیروبی سے براہ راست ایم ٹی اے پر نشر کیا جائے گا۔

(نظارت اشاعت شعبہ سمعی وبصری)

خاص دعاؤں کی درخواست

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی والدہ ماجدہ حضرت صاحبزادی ناصرہ بیگم صاحبہ اہلیہ حضرت صاحبزادہ مرزا منصور احمد صاحب کی صحت کے حوالے سے احباب دعائیں جاری رکھیں۔ فضل عمر ہسپتال میں دو آپریشنز ہو چکے ہیں۔ کمزوری بہت زیادہ ہے اور آپ ہسپتال میں ہی زیر علاج ہیں۔ اللہ تعالیٰ اس بابرکت وجود کو محض اپنے فضل وکرم سے مکمل صحت یابی عطا فرمائے اور ہر آن اپنی حفظ وامان میں رکھے۔ آمین

تحریک جدید کا ایک مطالبہ

تحریک جدید کا 17 واں مطالبہ بیکاری دور کرنے کے بارے میں ہے۔ اس ضمن میں سیدنا حضرت مصلح موعود نے فرمایا:۔

''میں نے یہ بارہا کہا ہے کہ بیکار مت رہو۔ اس میں امیر غریب مساوی ہیں بلکہ غریب کو جس کا پیٹ خالی ہے کام کرنے کی زیادہ ضرورت ہے۔ میں جماعت کو توجہ دلاتا ہوں کہ تحریک جدید تمہیں اس وقت تک کامیاب نہیں کر سکتی جب تک رات دن ایک کر کے کام نہ کرو۔'' (مطالبات صفحہ:123)

سالانہ صنعتی نمائش 2005ء

مجلس خدام الاحمدیہ مقامی ربوہ

مجلس خدام الاحمدیہ مقامی ربوہ کی پانچویں سالانہ صنعتی نمائش مورخہ 22 تا 24/اپریل 2005ء عقب خلافت لائبریری گراؤنڈ میں کامیابی کے ساتھ منعقد ہوئی۔ جس میں ربوہ کے 429 خدام واطفال نے شرکت کی۔ اور سات ہزار سے زائد خواتین و حضرات شائقین نے اس نمائش کو دیکھا۔

اس نمائش کی افتتاحی تقریب مورخہ 22/اپریل 2005ء کو بعد نماز مغرب منعقد ہوئی۔ جس کے مہمان خصوصی مکرم سید میر محمود احمد صاحب نائب ناظر تعلیم و مہتمم صنعت وتجارت مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان تھے نمائش کو درج ذیل تین شعبہ جات میں تقسیم کیا گیا تھا۔ 1۔آرائشی خیمہ جات۔ 2۔نمائش گاہ۔ 3۔صنعتی وفوڈ سٹالز۔ آرائشی خیمہ جات میں خدام واطفال نے بھرپور حصہ لیا۔ خدام نے 12 جبکہ اطفال نے 4 خیمے لگائے ان خیمہ جات کی تعمیر وتزئین میں محنت کے ساتھ ساتھ انہوں نے اپنی صلاحیتوں کا بھی مظاہرہ کیا۔

بعض محلّہ جات نے اپنے خیموں کے اردگرد دیہاتی ماحول کی عکاسی کی جس میں جانور اور پرندوں کے علاوہ دیہات میں موجود مختلف اشیاء بھی رکھی گئی تھیں۔ بعض خدام و اطفال نے شمالی علاقہ جات کا منظر، مظفرآباد سری نگر بس سروس کا روٹ، گاؤں اور شہر کا موازنہ، مرغابی کا شکار اور جھیل کا منظر، خانہ بدوشوں کا ماحول، حضرت عیسیٰؑ کے سفر فلسطین سے سری نگر تک کا خاکہ، دریائے چناب اور ٹول پلازہ کا ماڈل، سونامی کا منظر، قادیان کا ابتدائی نقشہ، کرکٹ، فٹ بال کے سٹیڈیمز، ائرپورٹس، آتش فشاں پہاڑ، سوئمنگ پول، روک دوڑ کا ماڈل، باڑی کا کھیل، چیئر لفٹ اور آبشاریں وغیرہ نہایت خوبصورتی کے ساتھ اور اصل سے قریب تر بنائی تھیں۔

امسال نمائش گاہ کا اہم سٹال شہدائے احمدیت سے متعلق مختلف معلومات اور تصاویر پر مشتمل تھا۔ خوبصورت فلیکس شیٹ پر حضرت صاحبزادہ عبداللطیف صاحب کا تعارف، حضرت مسیح موعود کے ارشادات اور مختلف شہداء کی تصاویر اور تعارف طبع کروایا گیا تھا۔ نمائش گاہ میں ماڈلز، پینٹنگز اور متفرق اشیاء کے ذریعے بھی صلاحیتوں کا اظہار کیا گیا تھا۔

اس نمائش کا ایک حصہ صنعتی و فوڈ سٹالز تھے جو شائقین کی توجہ کا مرکز بنے رہے۔ امسال 7 صنعتی اور 9 فوڈ سٹالز لگائے گئے۔ مکرم عبدالرحمٰن صاحب کی تیارکردہ ٹرین بچوں کی دلچسپی کا باعث تھی جس پر انہوں نے سواری کر کے لطف اٹھایا۔ نمائش کا ایک دلچسپ آئٹم اطفال سکاؤٹس کی طرف سے جمناسٹک ڈرلز تھیں۔ جن میں بچوں نے آگ سے کودنے کا متعدد بار مظاہرہ پیش کیا۔ زائرین نے اس مظاہرے کو خوب سراہا۔ میجک شو نے بھی نمائش میں شائقین کی توجہ حاصل کی۔ ربوہ کے ہزاروں خواتین وحضرات، بچوں اور بزرگوں نے اپنے اپنے اوقات میں صبح سے رات تک نمائش کو وزٹ کیا اور حوصلہ افزائی کی۔

اختتامی تقریب مورخہ 24/اپریل کو رات 8 بجے اسی گراؤنڈ میں منعقد ہوئی۔ جس کے مہمان خصوصی مکرم ملک خالد مسعود صاحب ناظر امور عامہ تھے۔ تلاوت کے بعد مکرم خواجہ سعادت احمد صاحب ناظم اعلیٰ صنعتی نمائش نے رپورٹ پیش کی۔ جس میں نمائش کا مکمل تعارف کرایا۔ بعدہ اعزاز حاصل کرنے والے خدام واطفال میں مہمان خصوصی نے انعامات تقسیم کئے۔ آرائشی خیمہ جات میں اول عقب ہسپتال، دوم دارالرحمت شرقی راجیکی اور سوم دارالنصر وسطی رہے۔ مہمان خصوصی نے اختتامی خطاب میں نمائش کے مختلف شعبہ جات میں خدام کی کامیابی کو سراہا اور خوشنودی کا اظہار کیا۔ مکرم حافظ راشد جاوید صاحب مہتمم مقامی نے مہمانان اور خدام کا شکریہ ادا کیا۔ دعا کے ساتھ نمائش کا اختتام ہوا۔ (رپورٹ: ایف شمس)

سانحہ ارتحال

۞ مکرم مقبول احمد خالد صاحب کارکن دفتر محاسب صدر انجمن احمدیہ تحریر کرتے ہیں کہ میرے بڑے بھائی مکرم منظور احمد ناصر صاحب ولد مکرم محمد اسماعیل صاحب مرحوم دارالعلوم جنوبی حلقہ بشیر ربوہ مورخہ 22۔اپریل 2005ء کو بعمر 55 سال بقضائے الٰہی وفات پا گئے۔ مرحوم کو بطور انسپکٹر مال آمد تقریباً 35 سال خدمت سلسلہ کی توفیق ملی حلقہ دارالعلوم جنوبی میں نائب منتظم مال انصاراللہ کی خدمت سرانجام دے رہے تھے۔ نماز جنازہ بیت اقصیٰ میں مکرم مولانا مبشر احمد صاحب کاہلوں ناظر اصلاح وارشاد مقامی نے پڑھائی تدفین کے بعد مکرم چوہدری خالد ممتاز صاحب صدر محلّہ نے دعا کروائی۔ مرحوم نے بیوہ کے علاوہ 5 بیٹے اور دو بیٹیاں یادگار چھوڑی ہیں۔ احباب جماعت سے درخواست ہے کہ دعا کریں اللہ تعالیٰ مرحوم کے درجات بلند کرے اور پسماندگان کو صبر و جمیل عطا فرمائے۔ آمین

اطلاعات واعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

سانحہ ارتحال

۞ مکرم عبدالشکور جاوید صاحب دارالرحمت شرقی ربوہ تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار کی ممانی محترمہ مبارکہ بیگم صاحبہ بیوہ مکرم رانا عبدالجبار خان صاحب بقضائے الٰہی بعمر نوے سال مورخہ 5۔اپریل 2005ء کو ربوہ میں وفات پا گئی ہیں آپ بفضل اللہ تعالیٰ موصیہ تھیں۔ اسی دن بیت المبارک میں مکرم حافظ مظفر احمد صاحب ناظر دعوت الی اللہ نے آپ کا جنازہ پڑھایا اور بوجہ موصیہ ہونے کے آپ کی تدفین بہشتی مقبرہ میں ہوئی قبر تیار ہونے پر مکرم شہزادہ محمد رفیع خان صاحب صدر رحمت شرقی (ب) نے دعا کروائی۔ آپ مکرم چوہدری غلام قادر صاحب رئیس لنگڑوعہ ضلع جالندھر رفیق حضرت مسیح موعود کی بہو اور مکرم چوہدری عبدالواحد صاحب کاٹھگڑھی رفیق حضرت مسیح موعود کی صاحبزادی اور مکرم رانا عبدالغفار صاحب سیکرٹری وصایا دارالرحمت شرقی (ب) کی والدہ تھیں۔ آپ نے سوگواران میں 4 بیٹے اور 3 بیٹیاں چھوڑی ہیں احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کی مغفرت کرے اور پسماندگان کو صبر جمیل دے۔ آمین

۞ مکرم سید حمید الحسن شاہ صاحب زعیم انصاراللہ سمبڑیال تحریر کرتے ہیں کہ محترمہ رشیدہ بی بی صاحبہ زوجہ مکرم محمود احمد صاحب صدر جماعت احمدیہ سمبڑیال ضلع سیالکوٹ مختصر علالت کے بعد مورخہ 5 مارچ 2005ء کو بعمر 80 سال وفات پا گئیں۔ مرحومہ احمدیت سے محبت رکھنے والی اور مہمان نواز تھیں۔ باقاعدہ قرآن کریم کی تلاوت اور صوم وصلوٰۃ کی پابند تھیں۔ نماز جنازہ خاکسار نے پڑھائی اور قبر تیار ہونے پر مکرم حافظ جواد احمد صاحب مربی سلسلہ نے دعا کروائی۔ مرحومہ نے پسماندگان میں ایک بیٹا مکرم نصیر احمد صاحب اور ایک بیٹی چھوڑے ہیں۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں جگہ دے۔ آمین

اعلان دارالقضاء

(مکرم انعام الحق چوہدری صاحب بابت ترکہ مکرم چوہدری ارشاد الحق صاحب)

۞ مکرم انعام الحق چوہدری صاحب آف نیوسمن آباد لاہور نے درخواست دی ہے کہ میرے والد مکرم چوہدری ارشاد الحق صاحب ولد مکرم چوہدری عبدالحق صاحب بقضائے الٰہی وفات پا گئے ہیں۔ قطعہ نمبر 67/21 دارالنصر رقبہ ایک کنال میں نصف یعنی 10 مرلے رقبہ ان کے نام بطور مقاطعہ غیر منتقل کردہ ہے۔ ان کا یہ حصہ میری والدہ محترمہ امۃ الرشید صاحبہ کے نام منتقل کر دیا جائے۔ دیگر ورثاء کو اس پر کوئی اعتراض نہیں ہے۔ جملہ ورثاء کی تفصیل یہ ہے:۔

(1) محترمہ امۃ الرشید صاحبہ (بیوہ)
(2) مکرم چوہدری شمس الحق صاحب (بیٹا)
(3) مکرم چوہدری انعام الحق صاحب (بیٹا)
(4) محترمہ امۃ الوحید صاحبہ (بیٹی)
(5) محترمہ امۃ الناہید صاحبہ (بیٹی)
(6) محترمہ امۃ القدوس صاحبہ (بیٹی)
(7) محترمہ عابدہ پروین صاحبہ (بیٹی)
(8) محترمہ امۃ الحی صاحبہ (بیٹی)
(9) محترمہ عطیۃ الخبیر صاحبہ (بیٹی)

بذریعہ اخبار اعلان کیا جاتا ہے۔ کہ اگر کسی وارث یا غیر وارث کو اس انتقال پر کوئی اعتراض ہو تو وہ تیس یوم کے اندر اندر دارالقضاء ربوہ میں اطلاع دیں۔

(ناظم دارالقضاء ربوہ

☆......☆......☆......☆

(محترمہ صفیہ بیگم صاحبہ بابت ترکہ مکرم ملک منظور احمد صاحب نھوکہ)

۞ محترمہ صفیہ بیگم صاحبہ بیوہ مکرم ملک منظور احمد صاحب نھوکہ سکنہ دارالرحمت وسطی نے درخواست دی ہے کہ میرے شوہر بقضائے الٰہی وفات پا چکے ہیں۔ قطعہ نمبر 48/17 دارالرحمت رقبہ 10 مرلہ میں سے رقبہ 2 مرلہ ان کے نام منتقل کردہ ہے۔ ان کا یہ رقبہ میرے نام منتقل کر دیا جائے۔ دیگر ورثاء کو اس پر کوئی اعتراض نہیں ہے۔ جملہ ورثاء کی تفصیل یہ ہے:۔

1۔ محترمہ صفیہ بیگم صاحبہ (بیوہ)
2۔ مکرم ملک منصور احمد صاحب (بیٹا)
3۔ محترمہ منصورہ بی بی صاحبہ (بیٹی)
4۔ مکرم عزیز احمد صاحب (بیٹا)
5۔ مکرم محمد احمد صاحب (بیٹا)
6۔ محترمہ سعدیہ ناہید صاحبہ (بیٹی)
7۔ مکرم بشارت احمد صاحب (بیٹا)
8۔ محترمہ نادیہ ناہید صاحبہ (بیٹی)
9۔ مکرم رضوان احمد صاحب (بیٹا)
10۔ مکرم عمران احمد صاحب (بیٹا)
11۔ مکرم نومان احمد صاحب (بیٹا)
12۔ محترمہ ندرت ناہید صاحبہ (بیٹی)

بذریعہ اخبار اعلان کیا جاتا ہے کہ اگر کسی وارث یا غیر وارث کو اس انتقال پر کوئی اعتراض ہو تو وہ تیس یوم کے اندر اندر دارالقضاء ربوہ میں اطلاع دیں۔

(ناظم دارالقضاء ربوہ)

خدمت خلق اور بہبود انسانیت سے متعلق

مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان کی بعض عمارات کا افتتاح اور سنگ بنیاد

نورالعین (بلڈ و آئی بنک)، طاہر ہومیو ہسپتال، ناصر فائر اینڈ ریسکیو، دفتر اطفال اور سرائے خدمت ایکسٹینشن وغیرہ

مورخہ 17 /اپریل 2005ء کو مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان کے زیر اہتمام تعمیر ہونے والی بعض عمارات کا افتتاح اور طاہر ہومیو پیتھک ہسپتال کے سنگ بنیاد رکھے جانے کی تقاریب منعقد ہوئیں۔ جن کی تفصیلی روداد پیش خدمت ہے۔

حضرت مصلح موعود کی قائم کردہ تنظیم مجلس خدام الاحمدیہ خدا تعالیٰ کے فضل سے خدمت خلق کے جملہ امور سرانجام دینے میں ہمہ وقت مصروف عمل رہی ہے۔ مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان اسی جذبہ کو اجاگر کرتے ہوئے بلا امتیاز ہر ضرورت مند شخص کی ضرورت پوری کرنے کی ہمیشہ تحریک اور جدوجہد کر رہی ہے۔ عطیہ خون اور عطیہ چشم جیسے خدمت خلق کے کاموں میں پہلے کی نسبت وسعت پیدا ہوگئی ہے۔ مذکورہ ہر دو امور کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لئے اب اللہ تعالیٰ کے فضل سے فضل عمر ہسپتال کے سامنے ایک وسیع، خوبصورت اور تمام جدید سہولتوں سے آراستہ تین منزلہ عمارت ''نورالعین۔ دائرۃ الخدمۃ الانسانیہ'' تعمیر کی گئی ہے جو بلڈ اینڈ آئی بنک کے لئے استعمال ہوگی۔

نورالعین دائرۃ الخدمۃ الانسانیہ

نورالعین دائرۃ الخدمت الانسانیہ کی افتتاحی تقریب مورخہ 17 /اپریل 2005ء کو ساڑھے دس بجے صبح اسی عمارت کے سیمینار ہال میں منعقد ہوئی۔ اس تقریب کے مہمان خصوصی محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ و امیر مقامی تھے۔ تلاوت قرآن کریم سے کارروائی کا باقاعدہ آغاز ہوا۔ اس کے بعد حضرت مسیح موعود کا پاکیزہ منظوم کلام پیش کیا گیا۔ نورالعین کے مکمل تعارف پر مشتمل رپورٹ مکرم ڈاکٹر عبداللہ پاشا صاحب مہتمم خدمت خلق نے پیش کی۔ جس میں انہوں نے بلڈ بنک اور نور آئی ڈونرز ایسوسی ایشن و آئی بنک کا تعارف پیش کرنے کے بعد اس عمارت کا تفصیلی تعارف کرایا۔

مرکز عطیہ خون

انہوں نے رپورٹ میں بتایا کہ مرکز سلسلہ اور اس کے گردونواح میں اس کام کی وسعت کے پیش نظر اس خدمت کو منظم کرنے کے لئے مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان نے 20 جولائی 1994ء کو احاطہ بیت المہدی گولبازار ربوہ میں مرکز عطیہ خون قائم کیا۔ یہاں تمام ضروری آلات اور دیگر سامان کے ساتھ ساتھ ٹیلی فون کی سہولت بھی مہیا کی گئی۔ تجربہ کار لیبارٹری ٹیکنیشنز کی خدمات حاصل کی گئیں۔ محترم چوہدری حمید اللہ صاحب وکیل اعلیٰ تحریک جدید نے اجتماعی دعا سے اس کا افتتاح فرمایا۔

اس کے قیام پر پیارے آقا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کی طرف سے اظہار خوشنودی پر مشتمل ایک خط محترم صدر صاحب مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان کے نام موصول ہوا جس میں حضور نے فرمایا۔

''بلڈ بنک کھولنے کی مساعی قابل ستائش ہے۔ اللہ تعالیٰ خدام کو اس کار خیر میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے کی توفیق بخشے اور فضل عمر ہسپتال کے مریض اس کام سے فائدہ اٹھائیں۔ تمام کارکنان کو سلام''۔ اس کے بعد کام کی اہمیت اور وسعت کے پیش نظر ایک مستقل عمارت کے قیام کا فیصلہ ہوا۔ چنانچہ مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان کو احاطہ ایوان محمود میں اس کار خیر کے لئے ایک مستقل عمارت تعمیر کرنے کی توفیق حاصل ہوئی۔ اس عمارت کا سنگ بنیاد مورخہ 8 مارچ 1999ء کو حضرت صاحبزادہ مرزا مسرور احمد صاحب ناظر اعلیٰ و امیر مقامی نے اجتماعی دعا کے ساتھ رکھا۔ تہہ خانہ سمیت اس کی تین منزلیں تھیں اور یہ عمارت احاطہ ایوان محمود کے جنوب مشرقی کونہ میں تعمیر کی گئی۔ اس وقت مکرم راجہ منیر احمد خان صاحب صدر مجلس تھے۔

2000ء کی مجلس مشاورت کے بعد بعض ناگزیر وجوہات کی بنا پر بلڈ بنک کو کسی دوسری جگہ منتقل کرنے کا فیصلہ ہوا۔ علاوہ اور وجوہات کے یہ امر بھی پیش نظر تھا کہ اب یہ بلڈ اینڈ آئی بنک ہوگا اس کے لئے ایک بہت کشادہ اور وسیع جگہ کی ضرورت ہوگی۔ چنانچہ نومبر 2000ء میں حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کی خدمت میں درخواست کی گئی کہ بلڈ بنک کے لئے فضل عمر ہسپتال کے سامنے صدر انجمن احمدیہ کی جگہ میں سے اگر کوئی جگہ مل جائے تو بہت موزوں ہوگی۔ حضور نے ازراہ شفقت اس درخواست کو مورخہ 27 ستمبر 2000ء کو منظور فرمایا اور جگہ کی اجازت مل گئی۔ اس کے نقشہ کے لئے مکرم پروفیسر طارق احمد صاحب لاہور سے رابطہ کیا گیا کیونکہ پہلے بلڈ بنک کا ڈیزائن بھی انہوں نے ہی تیار کیا تھا۔ چنانچہ فوری طور پر تین منزلہ تعمیر کے لئے ڈیزائن تیار ہوگیا اور بلدیہ ربوہ سے نقشہ کی منظوری حاصل کی گئی اور اس کام کا آغاز ہوگیا۔

تمام کام اوورسیئر کی نگرانی میں ہوا۔ شروع میں مکرم سلیم احمد صاحب آف سرگودھا نے 4 ماہ تک نگرانی کی۔ ان کے بعد مکرم محمد اسلم راشد صاحب نے تقریباً اڑھائی سال اس کام کی نگرانی کی اور اس کے تمام سٹرکچر کو پایہ تکمیل تک پہنچایا۔ اس کے گراؤنڈ فلور کے سریا کی ڈیزائننگ مکرم پروفیسر عارف صاحب اور بقیہ ڈیزائننگ مکرم پروفیسر محمود حسین صاحب آف لاہور نے کی۔

مکرم پروفیسر محمود حسین صاحب آرکیٹیکٹ لاہور نے بڑی محنت سے گراؤنڈ فلور۔ فرسٹ فلور اور سیکنڈ فلور کے سٹرکچر کو مکمل کروایا۔ آپ ہر پندرہ دن کے بعد ربوہ تشریف لاتے رہے اور کام کی نگرانی کرتے رہے نیز لینٹر کے وقت بھی خاص طور پر حاضر ہوتے۔

اکتوبر 2002ء میں مکرم مدثر احمد صاحب آرکیٹیکٹ وانٹیریئر ڈیزائنر نے بھی اس کی ڈیزائننگ میں حصہ لیا۔ فرشوں اور دروازوں کی تمام ڈیزائننگ مکرم مدثر احمد صاحب نے تیار کی۔ عمارت کی تعمیر کا کام مکرم ٹھیکیدار عتیق الرحمٰن صاحب نے کیا۔ اس بلڈ بنک کی تعمیر میں درج ذیل احباب نے نہایت محنت اور دلجمعی سے کام کیا۔

لکڑی کا کام:	ٹھیکیدار محمد امین صاحب
ایلومینیم ورک:	مکرم منیر احمد ہاشمی صاحب
سٹیل فیبریکیشن:	مکرم مہر دین صاحب
شیشہ فٹنگ:	مکرم عزیز احمد صاحب
الیکٹریکل ورک:	مکرم محمد ظفر اللہ صاحب
	مکرم محمد افضل صاحب
سینٹری ورک:	مکرم شفقت احمد صاحب

بلڈ اینڈ آئی بنک کے گراؤنڈ فلور پر 15mm کا اعلیٰ شیشہ استعمال کیا گیا اور اس کو بلٹ پروف کیا گیا ہے۔ ربوہ میں پہلی مرتبہ بلٹ پروف شیشہ استعمال ہوا ہے۔ بلڈ بنک میں سورج کی روشنی کے لئے ایک بڑا ڈوم بھی بنایا گیا ہے۔ جس کے اوپر فائبر گلاس کی شیٹ لگائی گئی ہے۔

نور آئی ڈونرز ایسوسی ایشن

نور آئی ڈونرز ایسوسی ایشن و آئی بنک کا تعارف کراتے ہوئے انہوں نے بتایا نور آئی ڈونرز ایسوسی ایشن کی بنیاد نومبر 2000ء میں رکھی گئی۔ اس ایسوسی ایشن کا بنیادی مقصد کارنیا (آنکھ کے بیرونی پردے) کی بیماری کا شکار نابینا افراد کو بینائی فراہم کرنا ہے۔ کیونکہ ہمارے اردگرد ایسے بے شمار افراد موجود ہیں جن کی آنکھ کا تمام اندرونی نظام تو درست ہے لیکن کسی بیماری یا چوٹ کی وجہ سے ان کی آنکھ کا بیرونی پردہ یعنی کارنیا متاثر ہو جاتا ہے۔ ایسے افراد کو اگر صحت مند کارنیا مل جائے تو ان کی آنکھیں دوبارہ روشن ہو سکتی ہیں۔ دنیا کے بعض ممالک مثلاً سری لنکا میں وفات کے بعد کارنیا عطیہ (Donate) کرنے کا تصور موجود ہے جبکہ پاکستان میں کارنیا عطیہ (Donate) کرنے کا رجحان نہ ہونے کے برابر ہے۔

محض اللہ تعالیٰ کے فضل سے جماعت احمدیہ کو یہ توفیق مل رہی ہے کہ نور آئی ڈونرز ایسوسی ایشن و آئی بنک کے تحت احباب جماعت کو عطیہ چشم کی وصیت کے ذریعے آئی ڈونر بنایا جاتا ہے اور وفات کے بعد حاصل شدہ صحت مند کارنیا مستحق نابینا افراد کو پیوند کر دیئے جاتے ہیں۔

نور آئی ڈونرز ایسوی ایشن کے تحت اب تک 11500 سے زائد احباب جماعت عطیہ چشم کی وصیت کر کے باقاعدہ آئی ڈونرز بن چکے ہیں۔ گزشتہ چار سالوں میں کارنیا کی پیوندکاری کے کل 63 آپریشنز ہو چکے ہیں جن کے مجموعی نتائج تسلی بخش ہیں۔ ربوہ برانچ کے علاوہ نور آئی ڈونرز ایسوسی ایشن کی پاکستان بھر میں کل 26 برانچز ہیں جو مرکز کی زیر نگرانی کام کر رہی ہیں۔ اب تک 5 برانچز لاہور، فیصل آباد، راولپنڈی، سرگودھا اور جھنگ سے بھی کارنیا حاصل کئے جا چکے ہیں۔

نور آئی ڈونرز ایسوسی ایشن کا ابتدائی دفتر ایوان محمود میں مرکز عطیہ خون کی پرانی عمارت کی بیسمنٹ میں قائم کیا گیا تھا جو اب الحمدللہ اس نئی عمارت میں منتقل ہوگیا ہے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اس نئی عمارت کا نام ازراہ شفقت ''نورالعین دائرۃ الخدمۃ الانسانیہ'' عطا فرمایا ہے۔

اس عمارت میں سب سے پہلے گراؤنڈ فلور ہے۔ جس میں درج ذیل دفاتر ہیں۔

- ☆ مرکز عطیہ خون
- ☆ تھیلیسیمیا، ہیموفیلیا سنٹر
- ☆ لیبارٹری نمبر 1 اور 2
- ☆ ڈاکٹر (انچارج آفس)
- ☆ ایڈمن آفس

☆ انتظارگاہ

☆ جنریٹر روم (50 KV) آٹومیٹک

بلڈ بنک کی خدمات

بلڈ بنک کے تحت درج ذیل کام کئے جائیں گے:۔

☆ متبادل کی بنیاد پر خون مہیا کرنا۔ کوالٹی کا خیال رکھنا۔ خون کی سکریننگ کر کے صحت مند خون مہیا کرنا (VDRL، HIV، Hepatitis B,C (سفلس) کے لئے بلڈ سکریننگ کی جائے گی)

☆ بلڈ پروڈکٹس بنائی جائیں گی۔ ایک ہول بلڈ یونٹ سے درج ذیل پروڈکٹس بنائی جاتی ہیں۔ اس کے لئے انٹرنیشنل سٹینڈرڈ کی مشینری خرید لی گئی ہے۔ (یہ سارے کام الحمدللہ شروع ہو چکے ہیں)

☆ Packed Red Cells (پیکڈ ریڈ ذرات)

☆ (Plasma) پلازمہ (پانی والا حصہ)

☆ Platelets پیلے ذرات

☆ کرائیو پریسپٹیٹ (Cryoprecipitete)

ریڈ پیکڈ ذرات سے واشڈ سرخ ذرات بنائے جاتے ہیں اور پلازمہ سے Cryoprecipitete بنائے جاتے ہیں جو کہ ہیموفیلیا کے مریضوں کے کام آتے ہیں۔ اس طرح اب ہم ان پروڈکٹس کی وجہ سے تھیلیسیما اور ہیموفیلیا کے مریضوں کا علاج کر سکیں گے اور ساتھ ساتھ ان پروڈکٹس کے حوالہ سے مختلف ضروریات بھی پوری کر سکیں گے۔

☆ تھیلیسیما و ہیموفیلیا کے مریضوں کے لئے مندرجہ ذیل سہولتیں فراہم کی جائیں گی۔

(1) فری ٹرانسفیوژن کی سہولت

(2) فری علاج کی سہولت

پیتھالوجی لیبارٹری میں ایمرجنسی ٹیسٹوں کے علاوہ تقریباً سارے روٹین ٹیسٹ کئے جائیں گے۔ مثلاً T.F.T (تھائیراڈ فنکشن ٹیسٹ)، Hepatitis B, C اور ایڈز کے ٹیسٹ بھی کئے جائیں گے۔ L.F.T (لیور فنکشن ٹیسٹ)۔ یوریا Urea، Creatinine، یورک ایسڈ لیول، R.A، Factor، ASOT۔ کولیسٹرول Cholestrol۔ شوگر کے ٹیسٹ Stool/Re، CBC، Urine/Re وغیرہ

پہلی منزل

1۔ آئی OPD: آئی سپیشلسٹ جنرل آئی OPD کریں گے۔

2۔ مردانہ آئی وارڈ

3۔ زنانہ آئی وارڈ

4۔ آپریشن تھیٹر، جس میں کارنیا ٹرانسپلانٹ (Keratoplasty) کے آپریشن ہوں گے۔ نیز آنکھ کے حوالے سے دوسرے جنرل آپریشن بھی ہو سکیں گے۔

5۔ سٹور

دوسری منزل

1۔ دفتر صدر نور آئی ڈونرز ایسوسی ایشن

2۔ دفتر نور آئی ڈونرز ایسوسی ایشن

3۔ دفتر خدمت خلق

4۔ سٹور

5۔ ملٹی پرپس سیمینار ہال، جس میں 80 کرسیوں کی گنجائش ہے۔ جہاں لیکچرز، میٹنگز اور ٹریننگ کلاسز کا اہتمام کیا جائے گا۔

6۔ میٹنگز و نماز کی ادائیگی کے لئے کمرہ

اس کے علاوہ دو کوارٹر بھی تعمیر کئے گئے ہیں۔ نیز ایمبولینس کے لئے گیراج بنایا گیا ہے۔

تمام سامان کی حفاظت کے لئے ایک کارکن مکرم الیاس باجوہ صاحب کو مقرر کیا گیا تھا جو ہر قسم کے سامان کی آمد کا حساب کتاب رکھتے رہے ہیں۔ شروع میں اس کام کی نگرانی مکرم ڈاکٹر محمد احمد اشرف صاحب نے کی اس کے بعد مکرم حافظ حفیظ الرحمٰن صاحب نے تمام کام کی دن رات نگرانی کی۔

اس بلڈ و آئی بنک میں مکرم محمد اشرف بلال صاحب، مکرم نوید احمد خان صاحب اور مکرم حیدر الدین صاحب ٹیپو کی خدمات بھی قابل ذکر ہیں۔

رپورٹ کے بعد ان احباب نے سٹیج پر آ کر اپنے تاثرات کا اظہار کیا جن کی نور آئی ڈونرز ایسوسی ایشن کے تحت آنکھوں کے آپریشنز کے ذریعہ بینائی بحال ہوئی تھی۔ بعدہ مکرم سید محمود احمد شاہ صاحب صدر مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان نے مہمانان کا شکریہ ادا کیا اور اس دن ہونے والے دیگر پروگراموں کا تعارف کرایا۔

مہمان خصوصی محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب نے جو حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی طرف سے اس تقریب کے لئے نمائندہ بھی تھے اختتامی خطاب میں فرمایا۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے اپنے ایک خطبہ جمعہ میں آنحضرت ﷺ کے اس خلق کا ذکر فرمایا تھا جو مریضوں سے ہمدردی، بہبودی اور امداد سے متعلق ہے۔ آج ہم ایسے ادارے کے افتتاح کے لئے اکٹھے ہوئے ہیں جس کا بنیادی مقصد اسی خلق سے وابستہ ہے۔ یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے بابرکت توارد ہے۔ اللہ سب اداروں کو مریضوں کی خدمت کی توفیق عطا فرمائے۔ وہ تمام احباب اور دوست جنہوں نے اس کار خیر میں مدد کی ہے اللہ ان کے اخلاص میں برکت دے اور ان کو نیکی اور تقویٰ میں پہلے سے بڑھ کر قدم مارنے کی توفیق عطا فرمائے۔ اس کے بعد مہمان خصوصی نے اختتامی دعا کرائی۔ جملہ مہمانان کی خدمت میں وہیں ریفریشمنٹ پیش کی گئی۔

طاہر ہومیو پیتھک ہسپتال و ریسرچ انسٹیٹیوٹ کا سنگ بنیاد

اسی دن شام کی تقریبات کا آغاز ہوا جن میں سب سے پہلے ساڑھے پانچ بجے طاہر ہومیو پیتھک ہسپتال و ریسرچ انسٹیٹیوٹ واقع دارالرحمت کا سنگ بنیاد محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب نے اینٹ رکھ کے اور دعا کے ذریعہ کیا۔

طاہر ہومیو پیتھک ہسپتال کے بالمقابل ناصر فائر اینڈ ریسکیو سروس کا مہمان خصوصی نے افتتاح کیا اور نئی تعمیر ہونے والی عمارت کا معائنہ فرمایا۔ بعدہ ٹینس اور سکواش کورٹس کا افتتاح ان کورٹس میں شارٹس لگا کر کیا۔ ان مذکورہ عمارات کی باقاعدہ تقریب اسی احاطہ میں منعقد ہوئی۔ آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا۔

طاہر ہومیو پیتھک ہسپتال و ریسرچ انسٹیٹیوٹ کے تعارف پر مشتمل رپورٹ مکرم ڈاکٹر وقار منظور بسراء صاحب نے پیش کی۔

انہوں نے کہا کہ آج سے پانچ سال پہلے 2 مارچ 2000ء میں حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے طاہر ہومیو پیتھک ہاسپٹل اینڈ ریسرچ انسٹیٹیوٹ کے قیام کی منظوری عطا فرماتے ہوئے تحریر فرمایا:

”مجلس خدام الاحمدیہ خدمت خلق کے تحت ہومیوپیتھی کے فروغ کے لئے جس وسیع منصوبے کا ارادہ رکھتی ہے میں اس کی کامیابی کے لئے دعا گو ہوں۔ بہت نیک کام ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کے اس کام کو پایہ تکمیل تک پہنچائے۔ لوگ شفاء پائیں۔“

طاہر ہومیو پیتھک ہاسپٹل اینڈ ریسرچ انسٹیٹیوٹ میں گزشتہ پانچ سالوں میں پاکستان بھر اور باقی دنیا سے آنے والے چار لاکھ دو ہزار چار سو نوے مریضوں کا بلا معاوضہ علاج کیا گیا۔ ان میں ربوہ اور پاکستان کے دیگر 198 شہروں سے آنے والے تین لاکھ ننانوے ہزار اور 35 مختلف ممالک سے آنے والے تین ہزار چار سو اسی مریض شامل ہیں۔ مریضوں کو بذریعہ کوریئر سروس ادویات بھجوانے کا بھی کوئی معاوضہ نہیں لیا جاتا۔

طاہر ہومیو پیتھک ہاسپٹل اینڈ ریسرچ انسٹیٹیوٹ کی تعمیر کے لئے حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے دارالرحمت میں چھ کنال آٹھ مرلے پر مشتمل قطعہ عنایت فرمایا۔ اس پر تعمیر ہونے والی عمارت بیسمنٹ سمیت چار منزلوں پر مشتمل ہوگی۔

اس میں دو بڑے ویٹنگ رومز کے علاوہ استقبالیہ، رجسٹریشن سیکشن، ریکارڈ روم اور OPD کے علاوہ کلینیکل لیبارٹریز بھی ہوں گی۔ نیز چار وارڈز، ICU، پرائیویٹ رومز کے علاوہ ریسرچ لیبارٹریز، میوزیم اور جدید ساؤنڈ سسٹم کے ساتھ ایک بڑا کانفرنس ہال ہوگا۔

خدا کے فضل سے طاہر ریسرچ انسٹیٹیوٹ میں گزشتہ پانچ سالوں میں اب تک بیس (20) نئی ادویات تیار ہو چکی ہیں۔ جن پر وسیع پیمانے پر پروونگ اور تجربات جاری ہیں۔ ادویات کی بڑے پیمانے پر تیاری کے لئے ایک جدید فارمیسی بھی بنائی جا رہی ہے۔ نیز ایک ہومیو پیتھک کالج بھی اس نئی عمارت میں قائم کیا جائے گا۔

دیگر سہولیات میں لفٹ، ایئر کنڈیشننگ اور بجلی کے متبادل انتظام کے لئے ہیوی جنریٹر بھی شامل ہیں۔ نیز لفٹ کے علاوہ ایک ریمپ بھی رکھا گیا ہے۔ پارکنگ کے لئے احاطہ کے اندر ایمبولینس کے علاوہ کچھ گاڑیوں کی پارکنگ کی بھی گنجائش رکھی گئی ہے۔ بقیہ پارکنگ احاطے کے باہر دونوں طرف ہوگی جس میں سائیکل سٹینڈ اور کار پارکنگ دونوں شامل ہیں۔ ایک بڑی کینٹین بھی مریضوں کے علاج کے دوران ان کے لواحقین کی ضروریات کے لئے ہوگی۔

بلڈنگ کا ڈیزائن آرکیٹیکٹ مکرم شیخ تنویر احمد صاحب آف راولپنڈی نے بڑی محنت سے تیار کیا ہے۔ عمارت کے سٹرکچر ڈیزائنر مکرم کرنل مظفر احمد صاحب ہیں۔ سائیٹ انجینئر کے فرائض مکرم محمد اکرم جاوید صاحب ادا کر رہے ہیں۔ تعمیر کی نگرانی مکرم حافظ حفیظ الرحمٰن صاحب کر رہے ہیں اور اس عمارت کی تعمیر کا کل رقبہ 58 ہزار مربع فٹ ہے۔

ناصر فائر اینڈ ریسکیو سروس

ناصر فائر اینڈ ریسکیو سروس کے افتتاح کے سلسلہ میں تعارفی رپورٹ مکرم ڈاکٹر محمد عامر خان صاحب نے پیش کی انہوں نے بتایا۔

خدام الاحمدیہ کے بانی حضرت مصلح موعود کی ہدایت اور ارشادات کی روشنی میں مجلس خدام الاحمدیہ خدمت خلق کے میدان میں اپنی مساعی میں وسعت پیدا کرنے کے لئے اللہ تعالیٰ کے فضل سے ہردم کوشاں ہے۔ ناصر فائر اینڈ ریسکیو سروس کا قیام بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔ اس سروس کا بنیادی مقصد ربوہ اور گرد و نواح کے مقامات پر آتشزدگی یا دیگر حادثات کے مواقع پر فائر فائٹنگ اور ریسکیو ورک کی خدمات مہیا کرنا ہے۔

مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان کے تحت مورخہ 19 اگست تا 2 ستمبر 2000ء پہلی فائر فائٹنگ کلاس کا انعقاد ہوا۔ نومبر 2000ء میں یہ فائر سروس تنظیمی طور پر فعال ہوئی۔ اس کے پہلے نگران مکرم ڈاکٹر محمد احمد اشرف صاحب تھے۔ فائر سروس کا ابتدائی دفتر ایوان محمود میں مرکز عطیہ خون کی پرانی عمارت کی بیسمنٹ میں قائم کیا گیا تھا۔ اس نئی تعمیر ہونے والی عمارت کا مختصر تعارف پیش خدمت ہے۔

اس دو منزلہ عمارت کے گراؤنڈ فلور پر ناصر فائر اینڈ ریسکیو سروس کی استقبالیہ (Reception) کے علاوہ ایک سٹنگ لاؤنج (Sitting Lounge) اور ایک سپرنٹنڈنٹ آفس ہے۔ جبکہ فرسٹ فلور پر فائٹرز کے لئے ایک عدد کلاس روم ہے۔ جہاں فائر فائٹرز کے ریفریشر کورسز اور ٹریننگ کلاسز منعقد کی جاتی ہیں۔ فرسٹ فلور پر ایک گیسٹ روم، ریسٹ روم اور کچن بھی بنایا گیا ہے۔ اس کے علاوہ نچلی منزل پر ایک بڑا ہال بنایا گیا ہے جہاں فائر ٹرکس کھڑے ہوتے ہیں نیز فائر سروس سے متعلقہ سامان رکھنے کے لئے ایک سٹور بھی بنایا گیا ہے۔

اس فائر سٹیشن کی تعمیر کے لئے مکرم پروفیسر محمود حسین صاحب نے اس کے ڈیزائن اور سٹرکچر پر کام کیا ہے۔ اس کا نقشہ مکرم طارق احمد صاحب نے بنایا۔ مکرم مدثر احمد صاحب نے انٹیریئر ڈیزائننگ کے کام میں حصہ لیا۔ تعمیر کے دوران مکرم محمد اسلم راشد صاحب نے سائیٹ انجینئر کے فرائض ادا کئے۔ تعمیر کا کام شروع میں ٹھیکیدار نعمت اللہ صاحب نے کیا بقیہ کام ٹھیکیدار مبارک احمد صاحب نے کیا۔ الیکٹریشن کے فرائض محمد ظفر اللہ صاحب نے ادا کئے جبکہ سنٹری فٹنگ کا کام مکرم

رشید احمد صاحب نے کیا۔ اس کے علاوہ لکڑی اور پینٹ کا کام محمد امین صاحب اور سٹیل کا کام مہردین صاحب نے کیا۔ اس جملہ تعمیر کی مجموعی نگرانی کے فرائض مکرم حافظ حفیظ الرحمٰن صاحب نے بطریق احسن سرانجام دیئے۔

مکرم ڈاکٹر صاحب موصوف نے خدمت خلق کے اس کام میں وسعت کے بارے میں بتایا۔ قبل ازیں فائر سروس کا کام صرف فائر فائٹنگ تک محدود تھا لیکن بعد میں خدمت خلق کے دائرے کو مزید وسیع کرنے کی غرض سے ریسکیو ورک اور فرسٹ ایڈ کو بھی اس میں شامل کیا گیا ہے۔ اکتوبر 2003ء میں حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اس فائر سروس کا نام ناصر فائر اینڈ ریسکیو سروس رکھنے کی منظوری مرحمت فرمائی۔

ناصر فائر اینڈ ریسکیو سروس کے پاس اس وقت تین عدد فائر ٹرکس اور فائر فائٹنگ اور فرسٹ ایڈ کا ضروری سامان موجود ہے۔ عملے میں ایک فائر سپرنٹنڈنٹ، پانچ فائر مین، چار ڈرائیور، ایک اکاؤنٹنٹ اور ایک مددگار کارکن شامل ہیں جبکہ 40 سے زائد رضا کار فائر آن کال ہوتے ہیں۔ کسی آتشزدگی کے واقعہ کی اطلاع ملتے ہی فوری طور پر ان فائر فائٹرز سے رابطہ کر کے فائر فائٹنگ ٹیم مطلوبہ مقام پر بلوالی جاتی ہے۔ اس کے علاوہ یہ فائر فائٹرز دیگر اہم مواقع اور جماعتی تقاریب پر بھی ڈیوٹی دیتے ہیں۔

محترم مہمان خصوصی نے اختتامی کلمات میں فرمایا ہم آج یہاں مختلف اداروں یا شاخوں کی تقاریب میں اکٹھے ہوئے ہیں۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان تمام اداروں کے مقاصد کو احسن رنگ میں پورا کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

بعض عملی مظاہرے

اس خطاب اور دعا کے بعد حاضرین کو فائر فائٹنگ، سراغ رسانی، مارشل آرٹس اور جوڈو کراٹے وغیرہ کے عملی مظاہرے دکھائے گئے۔ سب سے پہلے فائر فائٹنگ کے وسیع احاطے میں مصنوعی طور پر ایک گاؤں دکھایا گیا جس میں ایک تخریب کار نے بم دھماکہ کیا وہاں کچھ زخمی دکھائے گئے اور جہاں آگ کا دھواں بھی اٹھ رہا تھا۔ آن کی آن میں ایمبولینس آئی جس پر رضا کار نوجوان سوار تھے انہوں نے علاقے کو گھیرے میں لے لیا، زخمیوں کو ایمبولینس میں ڈالا گیا اور ایمبولینس ہسپتال کی طرف روانہ ہوگئی۔ اس تخریب کار کو پکڑنے اور اس کا سراغ لگانے کے لئے ایک خاص سراغ رساں کتا لایا گیا جس نے تخریب کار کو پکڑنے کا مظاہرہ کیا۔ دوسرے مظاہرے میں ناصر فائر فائٹنگ کی دو منزلہ عمارت کے اوپر آگ لگائی گئی۔ فائر فائٹنگ ٹرک اپنا سائرن بجاتا ہوا آیا۔ اس پر موجود فائر فائٹرز نے رسے کے ذریعہ دو منزلہ عمارت پر پہنچ کر زخمیوں کو رسے کی ہی مدد سے نیچے اتارا۔ قبل ازیں فائر بریگیڈ ٹرک کے ذریعہ اوپر کی منزل پر پریشر کے ساتھ پانی پھینکا گیا اور آگ بجھائی گئی۔

اسی طرح فائر فائٹرز نے رسے کی مدد سے عمارت پر چڑھنے اترنے اور ایک عمارت سے دوسری عمارت تک رسے کی مدد سے پہنچنے کا مظاہرہ کیا اور عمارت سے نیچے چھلانگ لگائی۔ اس احاطے میں ایک جھونپڑی بنائی گئی تھی۔ اس کو آگ لگائی گئی اور اس کو فائر بریگیڈ ٹرک کے ذریعے پانی سے بجھایا گیا۔ ایک رضا کار نوجوان نے سپیشل لباس پہن کر آگ سے متاثرہ جھونپڑی سے زخمی کو نکالا۔

ربوہ کے ایک خادم عبدالرحمان صاحب نے ایک انجن اور ریل گاڑی کے چھوٹے ڈبے بنائے ہیں جو سڑک پر چلتی ہے۔ اس گاڑی پر سوار ہو کر چند اطفال آئے اور انہوں نے خدام کے ساتھ مل کر مارشل آرٹس اور جوڈو کراٹے کے مختلف مظاہرے کئے۔ ان تمام مظاہروں اور عملی مشقوں کو حاضرین نے بہت سراہا۔

تعمیرات ایوان محمود

ایوان محمود میں موجود بعض تعمیرات کی افتتاحی تقریب شام آٹھ بجے شروع ہوئی۔ اس تقریب کا آغاز عشائیہ سے ہوا۔ ایوان محمود کے غربی سبزہ زار میں مردوں کے لئے اور ہال میں خواتین کے لئے انتظام کیا گیا تھا۔ مہمان خصوصی اور بعض مہمانان کے لئے سبزہ زار کے شمالی جانب 15,10 کرسیوں اور میز لگا کر سٹیج بنایا گیا تھا۔ اس کے بالمقابل مختلف جگہوں پر میز رکھے گئے تھے۔ پھولوں اور روشنیوں سے سجا ہوا یہ لان اس شام کے حسن کو مزید نکھار رہا تھا۔ مہمان خصوصی محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب کے تشریف لاتے ہی عشائیہ کا آغاز ہوا۔

بعدہ تعمیرات ایوان محمود کی افتتاحی تقریب کا باقاعدہ آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا۔ مکرم سلیم الدین صاحب نائب صدر مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان نے رپورٹ پیش کی۔

سرائے خدمت

انہوں نے اپنی رپورٹ میں کہا کہ حضرت اقدس مسیح موعود کے الہام وسع مکانک کی روشنی میں حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کے ارشاد پر مجلس خدام الاحمدیہ نے اپنے مرکزی دفتر کے احاطہ میں 1976ء میں گیسٹ ہاؤس تعمیر کیا جسے سرائے خدمت کا نام دیا گیا۔ اس کی دوسری منزل 1983ء میں تعمیر ہوئی۔ 2002ء میں اس کی بنیادی ہیئت کو قائم رکھتے ہوئے تزئین و آرائش کی گئی اور 28 فروری 2002ء کو ہمارے پیارے امام حضرت مرزا مسرور احمد صاحب ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اس تعمیر نو اور تزئین و آرائش کا باقاعدہ افتتاح فرمایا۔ آپ اس وقت ناظر اعلیٰ و امیر مقامی تھے۔ اسی روز ایک نئے بلاک کا سنگ بنیاد بھی رکھا گیا جس کی افتتاحی تقریب میں ہم اس وقت شامل ہو رہے ہیں۔

دو منزلہ اس عمارت کے نچلے حصہ میں جدید سہولتوں سے مزین کامن باتھ رومز اور ایک چھوٹا کچن ہے جو ایوان محمود میں ہونے والی مختلف تقاریب کے مواقع پر ضروریات کو پورا کرتے ہیں۔

ایوان محمود کے شمال جنوبی کونے سے سیڑھیاں اس عمارت کی دوسری منزل کو جاتی ہیں۔ جہاں سب سے پہلے لاؤنج ہے اور اس سے ملحق 3 رہائشی کمرے اور ایک سٹور بنایا گیا ہے۔ ان کمروں کو جدید رہائشی سہولیات سے آراستہ کیا گیا ہے۔ ان کمروں میں 13 افراد کی رہائش کی گنجائش موجود ہے۔ اور ان تینوں کمروں کے ساتھ ڈریسنگ روم اور اٹیچ باتھ کی سہولت بھی دی گئی ہے۔

اس عمارت کی آرکیٹیکچرل ڈیزائننگ لاہور کے خادم مکرم مدثر احمد صاحب نے کی جبکہ تعمیر کا کام ربوہ کے مکرم مبارک احمد صاحب نے کیا۔

سیمینار ہال

سیمینار ہال کا تعارف کراتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان احمدی نوجوانوں کی علمی و عملی ترقی کے لئے ہمیشہ کوشاں رہی ہے اور بدلتے ہوئے تقاضوں کے مطابق بہتر اور خوبصورت تبدیلیاں لاتی رہی ہے۔ ایک عرصہ سے ضرورت محسوس کی جا رہی تھی کہ کوئی ایسی جگہ میسر ہو جہاں پر ہم اپنے نوجوانوں کے لئے تعلیمی، تربیتی، ادبی اور شعری نشستوں کا بہتر رنگ میں اہتمام کر سکیں تا کہ ہمارے نوجوان ہر علمی میدان میں اپنے ہر ہم عصر سے آگے بڑھ سکیں۔ اس کے علاوہ وقتاً فوقتاً اہم میٹنگز اور جدید سہولتوں سے آراستہ ایک ایسے ہال کی ضرورت تھی جہاں ہمارے نوجوان بیک وقت بیٹھ کر اپنی حکمت عملیوں کو زیر بحث لا سکیں۔ چنانچہ اس دیرینہ ضرورت کو بفضل اللہ تعالیٰ خدام الاحمدیہ پاکستان نے دور جدید سے ہم آہنگ ہوتے ہوئے عملی رنگ دیا جس کے نتیجہ میں پہلے سے تعمیر شدہ بیسمنٹ کو ایک ایسا سیمینار ہال بنانے کی توفیق ملی جہاں یکے بعد دیگرے بغیر کسی اندرونی تبدیلی کے ہم مختلف پروگرام کر سکتے ہیں۔

ایوان محمود کی شمالی جانب موجود بیسمنٹ کو سیمینار ہال کی شکل دینے کے کام کا آغاز دسمبر 2004ء میں ہوا جبکہ دو ماہ کی قلیل مدت میں کام مکمل کرنے کی توفیق ملی۔ اس سیمینار ہال میں جدید ساؤنڈ سسٹم لگایا گیا ہے اور مکمل ایئر کنڈیشنڈ ہال میں ایک سو تیرہ افراد کے بیٹھنے کے لئے کرسیاں مستقل بنیادوں پر لگا دی گئی ہیں۔ اس ہال کی انٹیریئر ڈیزائننگ لاہور کے مکرم قاسم احمد صاحب نے کی۔ جبکہ ہال کے لئے کرسیاں سٹرانگ مین فیصل آباد سے منگوائی گئیں۔

دفتر اطفال

انہوں نے بتایا:

تنظیم اطفال الاحمدیہ کے اغراض و مقاصد کو پورا کرنے نیز مجالس اطفال الاحمدیہ پاکستان کی نگرانی اور کام میں بہتری پیدا کرنے کے لئے ایک عرصہ سے ایوان محمود میں ایک بڑے مرکزی دفتر کی ضرورت کا احساس رہتا تھا۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے اس ضرورت کو پورا کرنے کے لئے ایوان محمود میں قائم گزشتہ بلڈ بنک کی عمارت کو دفتر اطفال کے طور پر تیار کیا گیا۔ جبکہ تا حال اطفال الاحمدیہ پاکستان کا مرکزی دفتر ایوان محمود میں مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان کے مرکزی دفاتر کے ایک کمرہ میں قائم تھا۔

نئے دفتر اطفال الاحمدیہ کے بیسمنٹ سمیت تین فلور ہیں۔ بیسمنٹ میں ایک کمرہ کو دفتر تعلیم جبکہ بقیہ حصہ کو میٹنگ ہال کے طور پر تیار کیا گیا ہے۔ گراؤنڈ فلور پر سیکرٹری عمومی، ایڈیشنل سیکرٹری عمومی، انچارج دفتر کے دفاتر اور کمپیوٹر سیکشن تیار کیا گیا ہے۔ فرسٹ فلور پر دفتر مہتمم اطفال اور دفاتر سیکرٹریان بنائے گئے ہیں۔

دفتر اطفال کی تزئین و آرائش اور تیاری کے سلسلہ میں تعاون کرنے والے جملہ احباب کے شکر گزار اور ان کے لئے دعا گو ہیں۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ہر لحاظ سے اس نئے دفتر کو بابرکت بنائے۔ (آمین)

رپورٹ کے بعد محترم سید محمود احمد شاہ صاحب صدر مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان نے جملہ مہمانان کا شکریہ ادا کیا اور تعمیر کے سلسلہ میں بعض امور کی تفصیل سے آگاہ کیا۔ محترم مہمان خصوصی نے مجلس خدام الاحمدیہ کی طرف سے بعض مہمانان کو پھولوں کے تحفے تقسیم کئے۔ دعا کے ساتھ اس تقریب کا اور اس دن ہونے والی دس تقاریب کا اختتام ہوا۔ مہمان خصوصی نے ان تعمیرات کا معائنہ فرمایا جن میں گیسٹ ہاؤس کی ایکسٹینشن، سیمینار ہال، نیٹ کیفے برائے خواتین اور دفتر اطفال الاحمدیہ پاکستان شامل ہیں۔

اللہ تعالیٰ مجلس خدام الاحمدیہ کے جملہ عہدیداران جنہوں نے ان تعمیرات کو پایہ تکمیل تک پہنچانے میں دن رات کام کیا جزائے خیر عطا فرمائے اور اللہ تعالیٰ ان جملہ ترقیاتی کاموں کو ہر لحاظ سے بابرکت بنائے۔ آمین

(رپورٹ: ایف شمس)

☆......☆......☆......☆

استطاعت سے کم وعدہ کرنے والوں کو نصیحت

سیدنا حضرت مصلح موعود نے تحریک جدید کے وعدہ کے متعلق ہمیشہ یہی نصیحت فرمائی کہ وعدہ حیثیت سے کم پیش کرنا مناسب نہیں۔ چنانچہ آپ نے ایک موقع پر فرمایا:۔

''جنہوں نے اپنی آمدنی کے مطابق چندے نہیں لکھوائے ان کو بھی میں توجہ دلاتا ہوں کہ وہ اپنے چندے اپنی آمدنیوں کے مطابق کر لیں۔ نادہندہ وہ ہے جس نے ہمیشہ اپنی حیثیت سے کم وعدہ کیا۔ جب انسان پوری قربانی نہیں کرتا تو خدا تعالیٰ کے فرشتے اس میں زور اور طاقت پیدا نہیں کرتے۔ جو لوگ اپنی حیثیت سے زیادہ وعدے لکھواتے ہیں اللہ تعالیٰ کے فرشتے ان کی مدد کرتے ہیں۔''

(وکیل المال اول تحریک جدید)

مکرم ریاض احمد چودھری صاحب

میرے والد مکرم حافظ عبدالعزیز صاحب

رفیق حضرت مسیح موعود آف سیالکوٹ

میرے پیارے والد حافظ عبدالعزیز صاحب رفیق حضرت مسیح موعود 78 برس کی عمر میں نومبر 1951ء میں بعارضہ ڈبل نمونیہ ہمیں ہمیشہ کے لئے داغ مفارقت دے کر اپنے مولا کو پیارے ہو گئے۔

ذیل میں آپ کی پاکیزہ زندگی کے چیدہ چیدہ واقعات قارئین الفضل کے لئے پیش کئے جارہے ہیں۔ اس لئے نہیں کہ وہ میرے والد صاحب تھے بلکہ اس لئے کہ آپ امام وقت کے مخلص اور دیرینہ خادموں میں سے تھے اور سیالکوٹ چھاؤنی میں آپ احمدیت کا ایک نشان تھے۔

بچپن اور جوانی

آپ کی پیدائش تقریباً 1873ء میں سیالکوٹ چھاؤنی کے ایک موحد گھرانے میں ہوئی۔ دادا مرحوم چودھری نبی بخش صاحب بہت عابد زاہد اور مہمان نواز تھے۔ اور اپنے محلّہ کے سردار کہلاتے تھے انہوں نے بچپن میں ہی والد بزرگوار کو قرآن مجید حفظ کروا دیا تھا۔ قرآن پاک کو صحت اور خوش الحانی سے پڑھنا قدرت کی طرف سے عطیہ تھا۔ خاندانی وجاہت کے ساتھ حضرت والد صاحب اپنی ذاتی خوبیوں کے باعث بچپن سے ہی محبت و احترام کی نظر سے دیکھے جاتے تھے۔ ان دنوں تعلیم عام نہیں تھی۔ مڈل پاس کرانے کے بعد آپ کو ڈاکٹری کی تعلیم کے لئے بھجوایا گیا لیکن رقت قلب کی وجہ سے یہ شعبہ برداشت نہ کر سکے چنانچہ مزید حصول علم کے بعد آپ اپنے والدین کی خدمت کی نیت کی غرض سے ایسی ملازمت کے خواہش مند رہے جس کے نتیجہ میں اپنے گھر میں رہائش پذیر رہیں۔ لہٰذا سنگر سیونگ مشین کمپنی کی ملازمت اختیار کر لی۔ جس میں آپ نے اپنی عمر کے انتالیس سال گزارے اور آپ نے یہ ملازمت اتنی ایمانداری اور محنت سے نبھائی کہ کمپنی نے آپ کی پنشن مقرر کر دی حالانکہ پنشن دینا کمپنی مذکور کے قواعد میں شامل نہیں تھا۔

قبول احمدیت

عنفوان شباب میں ہی آپ نے مذہبی کتابوں کا مطالعہ کرنا، علماء کی صحبتوں میں رہنا، قرآن مجید کے درس سننا اپنے اشغال میں رکھا۔

قبول احمدیت کے بعد مخالفتوں اور دشمنیوں کا سلسلہ لازمی تھا لیکن اللہ تعالیٰ نے والد صاحب کو استقلال بخشا آپ کے دشمنوں کو ناکام رکھا۔ آپ کا سن بیعت محترم چچا جان سردار عبدالحمید صاحب آڈیٹر ریلوے کی یادداشت کی بناء پر 1896ء ہے آپ کے ایک دیرینہ دوست جو محض احمدیت کے سبب سے آپ کے دوست بنے یعنی حضرت میاں نظام الدین صاحب (رفیق حضرت مسیح موعود) کی درج ذیل روایت سے ظاہر ہے کہ حضرت والد صاحب نے 1898-99ء سے پہلے بیعت کی ہوئی تھی۔

میں حافظ عبدالعزیز صاحب کو 1898-99ء سے بسبب احمدیت جانتا ہوں جبکہ میں سیالکوٹ چھاؤنی میں ایم۔ ای۔ ایس میں کام کرتا تھا۔ آپ اعلیٰ درجہ کے شریف النفس اور متقی انسان تھے طبیعت میں مروت بہت تھی صدر بازار میں سب لوگ ان کی انتہائی عزت کرتے تھے میں نے انہیں کسی سے ناشائستہ باتیں کرتے نہیں سنا۔

رفقاء کا آپس میں سلوک

حضرت میاں نظام الدین صاحب نے والد صاحب کے متعلق چند اور بھی واقعات بیان فرمائے جن میں ایک واقعہ درج کئے دیتا ہوں تاکہ قارئین اندازہ لگالیں کہ حضرت مسیح موعود کے رفقاء آپس میں کس طرح پیار و محبت سے برتاؤ کیا کرتے تھے چنانچہ میاں صاحب کا بیان ہے کہ:۔

